# خودمختاری کا اعلان اور کاتالونیہ کے عوام کو فیصلہ کرنے کا حق

## کاتالان پارلیمنٹ کی طرف سے منظور کیئے جانے والے خودمختاری کے اعلان کا مکمل متن

**کردار**

کاتالونیہ کے لوگ اپنی تاریخ میں ایک لمبے عرصہ سے علاقہ کی بہتری، ترقی، شہریوں کی فلاح و بہبود کے یکساں مواقع، ثقافت اور اجتماعی شناخت کو مضبوط بنانے کے لئے اپنی مرضی کی جمہوری حکومت کے قیام کا اظہار کرتے آرہے ہیں، کاتالونیہ کی خودمختار حکومت اس کے سیکولر اداروں، قانونی روایات اور کاتالان لوگوں کے تاریخی حقوق کی بنیاد پر ہے۔ کاتالان پارلیمان کی بنیاد قرون وسطی میں امن، جنگ بندی اور عدلیہ کے ساتھ رکھی گئی۔ چودھویں صدی میں علاقائی حکومت کے قیام کے بعد کاتالونیہ کی خودمختاری کی طرف پیش قدمی ہوئی، سولھویں اور سترھویں صدی کے دوران کاتالونیہ کو اعلی حکومت کا موقع ملا۔

1714 میں وراثت کی جنگ کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے بارسلونا زوال کے موقع پر کاتالان عوامی قانون اور خودمختار اداروں کی اہمیت بڑھ گئی، اس تاریخی موڑ پر دیگر علاقہ جات کے ساتھ لسانی، ثقافتی، سماجی اور اقتصادی معاملات کے اشتراک، استحکام اور فروغ پر کام کیا گیا۔ بیسویں صدی کے دوران، کاتالان حکومت اور کاتالان عوام مسلسل جدوجہد کرتے رہے، 1914 میں آمریت کے دور میں کاتالونیہ میں دولت مشترکہ کا قیام حکومت کی بحالی میں پہلا قدم تھا، 1931 میں دوسری ہسپانوی جمہوریہ کے قیام کے اعلان کے ساتھ ہی جنرالیتات دے کاتالونیہ کے نام سے نئی کاتالان حکومت کا قیام عمل میں آیا جو خودمختاری کے قانون سے لیس کیا گیا تھا۔

جنرل فرانکو کے اقتدار سنبھالنے کے بعد جنرالیتات کو 1939 میں ختم کر دیا گیا۔ فرانکو کی آمریت کا دور 1975 تک کاتالونیہ کے عوام اور حکومت کے لئے مزاحمت بنا رہا، آزادی کے لئے جدوجہد کی نشانیوں میں سے ایک 1971 کی کاتالونیہ کی اسمبلی تھی جو جنرالیتات کی بحالی کا موجب بنی، اس بار حکومتی ادارے کو عبوری طور پر بحال کیا گیا اور پھر 1977 میں اس کے جلاوطن صدر کی واپسی ہوئی۔ 1978 کے ہسپانوی آئین کے بعد حکومت جمہوریت کی پٹڑی پر منتقل ہوئی، 1979 میں ریفرنڈم ہوا اور 1980ء میں کاتالان پارلیمنٹ میں سب سے پہلے انتخابات منعقد ہوئے۔

حالیہ برسوں میں پائیدار جمہوریت کے قیام میں کاتالان سیاسی اور سماجی قوتوں کی اکثریت تبدیلی کے اقدامات کی پالیسی اور قانونی فریم ورک کارفرما ہے، حالیہ برسوں میں سب سے ذیادہ تبدیلیاں 2005 میں پارلیمنٹ کی طرف سے شروع کی گئی قانون سازی کے عمل کے نتیجہ میں واقع ہوئی ہیں۔ ہسپانوی ریاستی آئینی عدالت کے فیصلوں نے کاتالان لوگوں کی اجتماعی مرضی، جمہوری ارتقاء اور خودحکومت میں رجعت کی بنیاد بنادی ہے جس کے نتیجہ میں کاتالان اب واضح طور پر سیاسی، مالی، سماجی، ثقافتی اور لسانی تحفظات کا اظہار کر رہے ہیں۔ کئی طرح سے کاتالان لوگوں نے ہسپانوی ریاست کے اندر موجودہ تعطل پر قابو پانے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

10 جولائی، 2010 کے بڑے پیمانے پر مظاہروں' اور 11 ستمبر 2012 کے ہم ایک قوم ہیں، کے نعرے کے ساتھ کاتالونیہ کی نئی ریاست کا اظہار کیا گیا۔ 27 ستمبر، 2012 کو، 742/IX کی قرارداد کاتالان پارلیمنٹ نے کاتالونیہ کی عوام کی آزادی اور جمہوری راستے کا تعین کرنے کے لئے نومبر 2012 میں انتخابات کروا کر اس بات کی واضح تصدیق کردی۔ اس عمل کی تکمیل کے لئے کاتالان پارلیمنٹ نے قانون سازی کے سیشن کا انعقاد کروایا ہے جس کے مطابق گزشتہ جمہوری انتخابات میں کاتالونیہ کے شہریوں کی خودمختاری کی خواہش کا اظہار کیا گیا ہے، خودمختاری کا مندرجہ ذیل اعلان کاتالان عوام کو فیصلہ کرنے کا حق دیتا ہے۔

**خودمختاری کا اعلان اور کاتالان عوام کو فیصلہ کا حق**

معاہدے میں اکثریتی عوام کی جمہوری آواز اور مرضی کا اظہار کیا گیا ہے، کاتالان پارلیمنٹ نے کاتالونیہ کے سیاسی مستقبل کے تعاون کے منصوبوں کی تکمیل

کے لئے شہریوں کو فیصلہ کرنے کا حق جاننے پر اتفاق کیا ہے۔ابتدائی نکات کچھ یوں ہیں۔

**مکمل خودمختاری**

کاتالونیہ کے عوام مکمل خودمختاری کا جمہوری جواز، قانونی اور سیاسی پہلو جاننے کا حق رکھتے ہیں۔

**جمہوری جواز**

فیصلہ کرنے کا یہ حق، جمہوری، خاص طور پر سب کے لئے انتخاب اور احترام کے تنوع کو یقینی بنانے کا عمل ہے۔کاتالان معاشرے کے اندر کی رہائی اور مکالمے کے ذریعے مرضی کی اکثریت کا اظہار ہے اور فیصلہ کرنے کا حق کا اہم ضامن ہو جائے گا۔

**شفافیت**

اس عمل میں کاتالان سول سوسائٹی کے لئے ضروری معلومات اور فیصلہ کرنے کا حق بارے جانچ کے لئے حوصلہ افزائی کے طور پر مدد دی جائے گی۔

**گفت وشنید**

مفاہمت کے لئے ہسپانوی ریاست، یورپی اداروں اور بین الاقوامی برادری کے ساتھ گفت وشنید کی جاسکے گی۔

**سماجی ہم آہنگی**

ملک کے سماجی اور علاقائی باہمی تعلقات کو یقینی بنانے کے لئے اور کاتالان سوسائٹی کی طرف سے ایک قوم کے طور پر کاتالونیہ برقرار رکھنے کے لئے سماجی ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے گا۔

**یورپ ازم**

یورپی یونین کے بانی اصولوں کا دفاع، خاص طور پر شہریوں، جمہوریت، فلاحی ریاست عزم، یورپ کے عوام کے درمیان یکجہتی اور عزم کے بنیادی حقوق اقتصادی، سماجی اور ثقافتی رابطوں کو فروغ دیا جائے گا۔

**قانونی حیثیت**

جمہوری عوامل کو مضبوط کرنے کا فیصلہ کرنے کا حق اور نفاذ کے لئے تمام موجودہ قانونی فریم ورک کا استعمال کیا جائے۔

**پارلیمنٹ کا اہم کردار**

اس مقصد کے لئے پارلیمنٹ ایک ایسا ادارہ ہے جو کاتالونیہ کے عوام کی نمائندگی کرتی ہے، اس پر اتفاق اور کام کے طریقہ کار اور اس اصول کو یقینی بنانے کے لئے وضاحت کرنا ہوگی۔

**شرکت**

پارلیمنٹ کاتالونیہ اور کاتالان حکومت کے اس عمل کو مقامی لوگوں میں فعال بنانے اور سیاسی، اقتصادی، سماجی، ثقافتی اور شہری اداروں کی زیادہ سے زیادہ تعداد کے ساتھ عمل درآمد کے اصول کو یقینی بنانے کے لئے کام کرے گی۔

کاتالان پارلیمنٹ فعال شہری اور کاتالونیہ کے عوام کو فیصلہ کرنے کا حق، کے اس جمہوری عمل کے اہم کردار کے عمل کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

پلاؤ پارلیمنٹ، 22 جنوری 2013

ترجمہ۔جمیل اشرف

Traducido por: Jamil Ashraf